سوال

(31) کیا درود شریف پڑھنا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوٹن سے مقبول کاظمی پوچھتے ہیں

کیا درود شریف کا پڑھنا تکمیل وضو کے لئے ضروری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو سے پہلے یا درمیان میں یا آخر میں کسی جگہ بھی درود شریف پڑھنا ثابت نہیں۔ لہٰذا تکمیل وضو کے لئے اس کے ضروری ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنا اور آخر میں کلمہ شہادت اور یہ دعا پڑھنی چاہئے

اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطہرین (مسلم مترجم ج ا کتاب الطہارة باب الذکر المستحب عقب الوضوء ص ۳،۳)

''اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں میں سے بنا دے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص122